سوال

(52) مردہ بچہ پر غسل کفن نماز وغیرہ کیا کیا حکم ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایام چھ سات ماہ میں اگر بچہ پیدا ہوا اور وقت تولد وہ مردہ ہو تو اس حالت میں اس کو غسل کفن نماز وغیرہ کیا کیا حکم ہے۔؟ الخ (عبدلشکور کوہ نیلگری)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں ہے جو بچہ ماں کے پیٹ سے نکل کر آواز دے کر مرے اس کا جنازہ پڑھنا چاہیے۔ جو اتنا بھی نہ ہو اس کو یوں ہی دفن کر دینا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 52

محدث فتویٰ